# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کا عدالتِ عظمیٰ سے فوجی عدالتوں میں زیرِ سماعت مقدمات میں نامزد افراد کیلئے انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ

فوجی عدالتوں کے قیام اور ملک کی سول آبادی کے ان عدالتوں میں ٹرائلز کے آغاز کے ذریعے ملک میں ایک انسانی المیہ کو جنم دیا جارہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستور ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کی ضمانت دیتا ہے چنانچہ ریاست کسی بھی شہری کو منصفانہ ٹرائل کے حق سے محروم کرنے کی قطعاً مجاز نہیں، ترجمان تحریک انصاف

فوجی عدالتوں میں چلائے جانے والے مقدمات کے اسباب مکمل طور پر سیاسی ہیں،

فوجی عدالتوں کے ذریعے ریاستی عتاب کے شکار افراد کے بنیادی دستوری حقوق کا تحفّظ سپریم کورٹ آف پاکستان کے ذمّے ہے، ترجمان تحریک انصاف

عدالتِ عظمیٰ ریاست کی جبر و انتقام کی غیر معمولی روایت ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے فوجی عدالتوں میں زیرِ حراست افراد کیلئے بلاتاخیر اور حقیقی انصاف کا اہتمام کرے، ترجمان تحریک انصاف

انصاف کے حصول کی کوششوں میں فوجی عدالتوں جیسے متنازعہ، خلافِ عدل اور غیر شفاف ٹرائلز کی بھینٹ چڑھائے جانے والے بے گناہ شہریوں کے ساتھ ہیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ